© rasailojaraid.com

ادبیات

فکرِ روشؔ

از جناب روشؔ صاحب صدیقی

خبر بھی ہے تجھے اے حُسنِ روپوش
نگاہیں ہو چلی ہیں خود فراموش

نقابِ زندگانی اُٹھ رہا ہے
مگر انساں ہوا جاتا ہے روپوش

در و دیوار کا کب تک سہارا
مبارک اے حیاتِ خانہ بردوش

حریم غم ہو یا ایوانِ عشرت
چراغِ صبح کو ہونا ہے خاموش

بہ قیدِ ظرف کب تک بادۂ غم
خداوندا! بہ قدرِ ذوقِ مینوش

شکستِ نغمۂ دل کو، زمانہ
بہت سمجھا تو سمجھا جنتِ گوش

خرابِ جستجو ہیں، جام و مینا
کہاں پہنچا ترا آوارۂ ہوش

کسے اب فرصتِ تعبیرِ ہستی
مری آنکھیں، ترا خوابِ فراموش

روشؔ کیا شکوۂ جادو نگاہاں
یہ دل کچھ کم نہیں غارتگرِ ہوش

© rasailojaraid.com